# ماڈل پیپر "فزیالوجی اینڈ ہائیجین"

برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ-II ( جماعت دہم ) 2014ء و مابعد

وقت: 20 منٹ　　　　حصہ معروضی　　　　کل نمبر: 15

نوٹ:- ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

-1 (i) جو دوسروں سے غیر متعلق ہے۔

(A) پاپا میٹر　(B) اریکنائڈ　(C) الیقواس ہیومر　(D) ڈیورامیٹر

(ii) درمیانی کان ایک ٹیوب کے ذریعے نیزوروفیرنکس سے ملا ہوتا ہے۔

(A) بیضوی کھڑکی　(B) یوسٹیچی ان ٹیوب　(C) سماعت کی بیرونی نالی　(D) کوکلیا

(iii) اینڈوکرائن غدودوں کا حاکم

(A) غدہ نخامیہ　(B) غدہ درقیہ　(C) بیضہ دانی　(D) لبلبہ

(iv) گلائی کوجن کو گلوکوز میں تبدیل کرتا ہے۔

(A) انسولین　(B) گلوکاگان　(C) دونوں "الف" و "ب"　(D) کوئی بھی نہیں

(v) کنیکٹو ٹشو کی سخت ترین قسم

(A) ہڈی　(B) کرکری ہڈی　(C) ٹینڈن　(D) دونوں ب اور ج

(vi) نچلے جبڑے کی ہڈی

(A) آکسی پی ٹل　(B) پیرائی ٹل　(C) فرنٹل　(D) مینڈی بل

(vii) آرام کی حالت میں بالغ شخص کا آکسیجن کا استعمال

(A) 100 ملی لیٹر　(B) 150 ملی لیٹر　(C) 200 ملی لیٹر　(D) 250 ملی لیٹر

(viii) غذائی مرکبات میں آکسیڈیشن میں اضافہ سے کاربن ڈائی آکسائیڈ کی پیداوار

(A) کم ہوتی ہے　(B) بڑھ جاتی ہے　(C) کبھی کم کبھی بڑھ جاتی ہے　(D) متاثر نہیں ہوتی

(ix) جراثیم کو مار دیتی ہیں سورج کی شعاعیں

(A) بنفشی　(B) بالائے بنفشی　(C) سرخ　(D) سبز

(x) باغوں اور کھیتوں کی مٹی میں Spores پائے جاتے ہیں بیماری کے

(A) کزاز　(B) اینتھریکس　(C) ملیریا　(D) دونوں "الف" و "ب"

(xi) معدے کی تراوش زیادہ پانی کی وجہ سے ہو جاتی ہے۔

(A) کثیف　(B) ثقیل　(C) لطیف　(D) رقیق

(xii) نہانے سے

(A) جلد کے مسامات کھلتے ہیں　(B) جلد میں دوران خون میں اضافہ ہوتا ہے۔

(C) جراثیمی انفیکشن سے تحفظ حاصل ہوتا ہے　(D) تینوں "الف"، "ب"، "ج"

(xiii) چھوٹے قطروں کے ذریعے انفیکشن

(A) ہیضہ　(B) زکام　(C) ہلکاؤ　(D) پلیگ

(xiv) رات کو مقعد سے باہر آکر ارد گرد کی جگہ پر انڈے دیتے ہیں۔

(A) کدو دانے　(B) کانٹے دار کیڑے　(C) چھوٹے　(D) ملھپ

(xv) محرک اور پیشاب آور ہے

(A) بھنگ　(B) افیون　(C) کیفین　(D) راکٹ

Result.pk

# ماڈل پیپر "فزیالوجی اینڈ ھائیجین "

برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ۔II( جماعت دہم)2014ء وما بعد

حصہ انشائی

وقت:2:10 گھنٹے — کل نمبر:60

## (PART-I حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) سیری برم کے بھورے اور سفید مادوں کے درمیان فرق بیان کریں۔

(ii) اعصاب کیا ہیں؟

(iii) دور نظری اور نزدیک نظری میں کس قسم کے لینز کی عینک لگائی جاتی ہے؟

(iv) ہارمون کی ماہیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(v) گلوکیا ہے اور اس کا سبب بیان کریں۔

(vi) Feed Back کنٹرول کی وضاحت کریں۔

(vii) عضلہ کے مخرج اور مدخل کے درمیان فرق واضح کریں۔

(viii) Flexion اور Extension کی مثال سے وضاحت کریں۔

(ix) محوری اور لٹکنے والے پنجر کے درمیان فرق بیان کریں۔

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) آکسیجن کا قرض کیا ہے؟ وضاحت کریں۔

(ii) ورزش کے دوران نظام دوران خون میں کون سی دو تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں؟

(iii) کیا آکسیجن کا استعمال پورے جسم میں یکساں طور پر ہوتا ہے؟

(iv) جسم کے بیرونی حصے کے لئے ہوا کا کیا مصرف ہے؟

(v) پانی کے حصول کے ذرائع بیان کریں۔

(vi) ریتلی اور چکنی مٹی کے درمیان فرق بیان کریں۔

(vii) w.H.O سے کیا مراد ہے؟ اس کے مطابق صحت کی تشریح کریں۔

(viii) ڈی ہائیڈریشن کی کیا اہمیت ہے؟

(ix) ناخنوں کی صفائی کیوں ضروری ہے؟

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) متعدی امراض سے کیا مراد ہے؟

(ii) کیریر سے کیا مراد ہے؟

(iii) اسہال کے اسباب بیان کریں۔

(iv) ایڈیما سے کیا مراد ہے

(v) پہلے مہینے کے بعد بچوں میں موت کے اسباب بیان کریں۔

(vi) شراب کے دو نقصانات بیان کریں۔

(vii) قرنطینہ کی اہمیت بیان کریں۔

(viii) پانی کو مصفا کیسے کیا جاتا ہے؟

(ix) اٹلس کی اہمیت بیان کریں۔

Result.PK

3

## (PART-II حصہ دوم)

نوٹ:۔کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

-5 خودکار عصبی نظام پر مضمون تحریر کریں 8

6 - کلاہ گروہ کی ساخت اور اس سے پیدا ہونے والے ہارمونز کے اثرات بیان کریں۔ 8

-7 ورزش کے دوران تنفس میں ہونے والی تبدیلیاں تفصیل سے بیان کریں۔ 8

-8 ٹائیفائیڈ کی علامات اور روک تھام کے طریقے بیان کریں۔ 8

-9 درج ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔ 8

i۔ خشک فضلات کو ٹھکانے لگانے کا انتظام

ii۔ ایک سال سے کم عمر کے بچوں کی دیکھ بھال

Result.PK